ٹیچرز گائیڈ

کلاس 3 کے لئے

ٹیچر کے لئے ہدایت

- تصویروں اور اس سے متعلق سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے تصویروں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں، جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- ہر تحریری کام کے وقت بچوں کے پاس جا کر ان کی مدد کریں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کروائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 5 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دوہرائی کروائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- ہوم ورک ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے' اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

سیشن 1

10 منٹ • بچوں کو کتاب **اگر درخت نہ ہوتے** دینے سے پہلے درختوں کے بارے میں بات چیت کریں۔

- کیا آپ نے درخت غور سے دیکھے ہیں۔ بچے جواب دیں گے کہ:
درخت کا تنا ہوتا ہے' پتے اور شاخیں ہوتی ہیں' کچھ درختوں پر پھول اور پھل ہوتے ہیں۔

- درخت مختلف قسم کے ہوتے ہیں کچھ درخت گھنے اور سائے دار ہوتے ہیں' کچھ لمبے ہوتے ہیں ان کے تنے لمبے اور پتلے ہوتے ہیں۔

- مختلف درختوں کے مختلف شکلوں کے پتے ہوتے ہیں۔ درخت ہمیں ہر جگہ نظر آتے ہیں۔ کبھی آپ نے سوچا ہے کہ اگر درخت نہ ہوتے تو کیا ہوتا۔

15 منٹ • اب بچوں کو کتاب **اگر درخت نہ ہوتے** دیں اور کہانی پڑھ کر سنائیں۔

- کہانی پڑھنے کے بعد بچوں سے سوال کریں۔ اگر درخت نہ ہوتے تو کیا ہوتا۔ بچے مختلف جواب دیں گے جو انہوں نے کہانی سنتے وقت ذہن نشین کئے ہیں اور کئی جواب اپنے ذاتی تجربے سے بھی بتائیں گے۔

- اس بات کا خیال رکھیں کہ ایک وقت میں ایک ہی بچہ جواب دے اور کلاس میں شور نہ ہو۔

20 منٹ • بچوں کو کوپی دیں۔ بچے درخت کی تصویر بنائیں اور رنگ بھریں۔

سیشن 2

10 منٹ • 10 - 8 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔

20 منٹ • کلاس کے سب بچوں کے ساتھ مل کر کتاب اگر درخت نہ ہوتے کی طرز پر اگر بارش نہ ہوتی پر نظم لکھیں۔

- نظم کے شعر بنائیں اور انہیں بورڈ پر صحیح کر کے لکھتی جائیں۔ مثلاً:

اگر بارش نہ ہوتی تو
درخت نہ ہوتے

اگر بارش نہ ہوتی تو
جھیل اور تالاب نہ ہوتے

اگر بارش نہ ہوتی تو
ہم بارش میں کیسے نہاتے

اگر بارش نہ ہوتی تو
کاغذ کی کشتی کس میں چلاتے

اگر بارش نہ ہوتی تو
پکوڑے کھانے کا مزہ نہیں آتا

15 منٹ • بچوں سے کہیں اپنی پسند کے 4 شعر اپنی بہترین لکھائی میں بورڈ سے اتاریں۔

ٹیچر کے لئے نوٹ

سیشن 3 میں آرٹ ایکٹیویٹی (art activity) کے لئے بچوں کی تعداد کے مطابق سادہ "6"x6 کے کاغذ کا انتظام کریں۔

سیشن 3

10 منٹ • 10 - 8 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔

15 منٹ • بچوں سے کہیں اپنی اپنی کوپی نکالیں۔ الفاظ کی توڑ جوڑ پر کام کروائیں۔

- بورڈ پر الفاظ لکھیں۔ بچوں کی مدد سے ان الفاظ کی توڑ لکھیں۔ بچے ان کو اپنی کوپی میں اتاریں۔

الفاظ	توڑ
درخت	د ر خ ت
میدان	م ی د ا ن
بارش	ب ا ر ش
سردی	س ر د ی
کپڑے	ک پ ڑ ے
بندر	ب ن د ر
کاغذ	ک ا غ ذ

20 منٹ • بچوں کو کاغذ اور پینسل دیں۔

- لائن بنا کر کلاس سے باہر لائیں۔ اسکول میں یا آس پاس جو درخت ہیں ان کے تنوں پر کاغذ رکھ کر پینسل رگڑیں اور چھال کا image بنائیں۔

ہوم ورک

5 منٹ • توڑ جوڑ کے الفاظ سے املا کی تیاری کر کے آئیں۔

سیشن 4

20 منٹ • بچے اپنی کوپی نکالیں۔ دیئے گئے الفاظ کا املا کروائیں۔

- املا کی اصلاح کروائیں۔
- بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔
- جن الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔
- بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔
- بعد میں خود بھی بچوں کی کوپی چیک کریں۔ نمبر دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

20 منٹ • درختوں کے فوائد اور اس کی لکڑی سے بننے والی چیزوں کے بارے میں بات چیت کریں۔ مثلاً:
کھڑکی میز کرسی ڈوئی ڈھول لکڑی کے کھلونے

- بچے اپنی کوپی میں لکڑی سے بننے والی کوئی بھی 5 چیزوں کی تصویریں بنائیں۔

ہوم ورک

5 منٹ • جن چیزوں کی تصویریں کلاس میں بنائی ہیں ان کے 5 ناموں سے جملے بنائیں۔

سیشن 5

10 منٹ

- 10 - 8 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔

10 منٹ

- ہوم ورک میں بچے جملے بنا کر لائے ہیں۔ 10 - 8 بچوں سے جملے پڑھوائیں۔

25 منٹ

- واحد جمع پر کام کروائیں۔

- بورڈ پر واحد لکھیں۔ بچوں سے پوچھ پوچھ کر جمع الفاظ لکھیں۔ بچے کوپی میں اتاریں۔

واحد	جمع	واحد	جمع
جھولا	جھولے	کہانی	کہانیاں
کیڑا	کیڑے	گرمی	گرمیاں
گھونسلہ	گھونسلے	سردی	سردیاں
کتاب	کتابیں	چڑیا	چڑیاں

اگر درخت نہ ہوتے

ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221

e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.urdubooksforchildren.com
www.bookgroup.org.pk

Rs 150